پروفیسر احمد سعید



اِشاریہ قائدِ اعظم

قومی کمیٹی برائے صد سالہ تقریباتِ پیدائشِ قائدِ اعظم محمد علی جناح

اِشاریہ قائدِ اعظم

[illegible]

اِشاریہ قائدِ اعظم ۲

پروفیسر احمد سعید

قومی کمیٹی برائے صد سالہ تقریباتِ پیدائشِ قائدِ اعظم محمد علی جناح - ۱۹۷۶

وزارتِ تعلیم، حکومتِ پاکستان - اسلام آباد

اشاعت اوّل: ۱۹۷۶ء
قیمت: ۲۵ روپے

ناشر: نیشنل بُک فاؤنڈیشن
کراچی - اسلام آباد - لاہور - پشاور - کوئٹہ - سکھر - ملتان

طابع: سندھ آفسٹ پریس - کراچی

فہرست عنوانات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ آغاز

بانیٔ پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح کے بارے میں اکثر یہ سننے میں آتا ہے کہ ابھی تک آپ کی شایانِ شان سوانح نہیں لکھی گئی۔ یہ بات بالکل بجا ہے کہ بابائے قوم کی زندگی، افکار اور سیاسی رجحانات پر جس قدر لکھا جانا چاہیئے تھا اس کا عشرِ عشیر بھی نہیں لکھا گیا۔ لیکن یہ اعتراض اٹھانے والے حضرات اکثر دو باتوں کو اپنے پیشِ نظر نہیں رکھتے اوّل یہ کہ بابائے قوم پر اب تک جو کچھ لکھا گیا اس کو بالکل ہی نظر انداز کر جاتے ہیں۔ دوسرے قائد کی سوانح لکھنے کی راہ میں جس قدر مشکلات اور دشواریاں حائل ہیں وہ ان حضرات کے پیشِ نظر نہیں رہتیں۔ ابھی تو قائد کی سوانح اور زندگی کے مختلف پہلوؤں پر لکھنے کے لئے سوانح نگار اور مورخ کو بنیادی مواد سے ہی آگاہی نہیں ہے۔ جب تک مواد سامنے نہ ہو سوانح لکھنا معمولی اور آسان کام نہیں۔ اس میدان میں محض لفاظی سے کام نہیں چلتا ٹھوس حقائق کا موجود ہونا ضروری ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ موجودہ حکومت نے قائدِ اعظم کے ذاتی کاغذات کو محفوظ کر کے مورخین کے لئے بے پناہ سہولت پیدا کر دی ہے۔ میری رائے میں قائد کی جامع اور مکمل سوانح کا کام اس وقت تک آسان نہیں ہو سکتا جب تک کہ پرانے ہندوستانی اخبارات خصوصاً بمبئی اور دہلی سے شائع ہونے والے انگریزی اخبارات اور آل انڈیا مسلم لیگ کے حامی اور مخالف اخبارات میں قائدِ اعظم سے متعلق مواد جمع نہ کیا جائے۔ نیز انڈیا آفس لائبریری اور برٹش میوزیم میں موجود مواد سے استفادہ کئے بغیر قائد کی سوانح تشنہ رہے گی۔

ہزاروں صفحوں پر بکھرے ہوئے مواد کو اشاریہ کی شکل میں مرتب کرنا ایک فرد کا نہیں بلکہ ایک ادارے کا کام ہے۔ لیکن تمام مشکلات کے باوجود جہاں تک میری رسائی ممکن تھی گذشتہ چار سالوں میں اردو اخبارات اور رسائل میں شائع شدہ مواد کو اکٹھا کرتا رہا۔ یہ کام انتہائی کٹھن اور صبر آزما تھا اور سب سے بڑی مشکل اخبارات اور رسائل کے مکمل فائلوں کی عدم موجودگی تھی۔ آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور جو کہ پاکستان کی اعلیٰ اور معیاری لائبریریوں میں شمار کی جاتی ہے دیگر اخبارات کا تو ذکر ہی چھوڑیئے یہاں لاہور سے نکلنے والے اخبارات کے فائل موجود نہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء کے بعد کے بھی اخبارات اور رسائل کے مکمل فائل موجود نہیں ہیں۔ صرف ۱۹۶۲ء کے بعد کے مٹی سے اٹے ہوئے فائل موجود ہیں۔ تقسیم سے قبل کے اخبارات میں صرف پیسہ اخبار (لاہور) موجود ہے۔ یہ قیمتی اخبار جس طرح اس لائبریری میں ضائع ہو رہا ہے اس کا اندازہ اس کی خستگی اور اس کی ٹوٹی پھوٹی جلدوں کو دیکھ کر بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ اگر اس بیش قیمت اخبار کی حفاظت کا اہتمام نہ کیا گیا تو امید ہے کہ آئندہ چار پانچ سال میں یہ اخبار ضائع ہو جائے گا۔ حکومتِ پاکستان کو ان قیمتی دستاویزات کو محفوظ کرنے کے لئے اس اخبار اور دیگر اخبارات کی مائیکرو فلم بنوانے کا اہتمام کرنا چاہیئے تاکہ یہ قومی سرمایہ ضائع ہونے سے بچ جائے۔

اس اشاریہ میں جو بھی اخبار اور رسائل میسر آئے ان سے استفادہ کیا گیا ہے۔ جن میں مندرجہ ذیل اخبارات اور رسائل شامل ہیں۔

روزنامہ پیسہ اخبار لاہور (۱۹۰۶ء۔۱۹۲۲ء) ہفتہ وار پیسہ اخبار لاہور (۱۹۲۲ء۔۱۹۴۸ء) روزنامہ انقلاب لاہور (۱۹۲۱ء۔۱۹۴۴ء) روزنامہ زمیندار لاہور (۱۹۲۱ء۔۱۹۲۷ء) روزنامہ عصرِ جدید کلکتہ (۱۹۳۶ء۔۱۹۴۳ء) ہفت روزہ لیل و نہار لاہور (۱۹۵۹ء۔۱۹۶۴ء) روزنامہ کوہستان لاہور (۱۹۶۵ء۔۱۹۷۵ء) ہفت روزہ اخبار جہاں کراچی (۱۹۶۳ء۔۱۹۶۷ء) روزنامہ مشرق لاہور (۱۹۶۶ء۔۱۹۷۳ء) روزنامہ مشرق کراچی (چند فائل) ہفت روزہ اخبار خواتین کراچی (۱۹۶۶ء۔۱۹۶۹ء) روزنامہ خلافت بمبئی (ایک فائل) روزنامہ امروز لاہور (۱۹۶۶ء۔۱۹۷۳ء) ہفت روزہ اقدام لاہور (۱۹۵۲ء۔۱۹۶۲ء) ہفت روزہ صوت الاسلام لاہور (۱۹۷۰ء) روزنامہ حریت کراچی (۱۹۶۸ء۔۱۹۷۳ء) ہفت روزہ زندگی لاہور (۱۹۶۹ء۔۱۹۷۳ء) روزنامہ مستقل کانپور (۱۹۳۰ء، ۱۹۳۷ء) روزنامہ انجام کراچی (۱۹۶۳ء۔۱۹۶۷ء) روزنامہ جنگ کراچی (۱۹۶۳ء۔۱۹۷۴ء) ہفت روزہ قندیل لاہور (۱۹۴۸ء۔۱۹۶۹ء) ماہنامہ ماہ نو کراچی (۱۹۴۸ء۔۱۹۷۲ء) روزنامہ جسارت کراچی (۱۹۷۱ء) روزنامہ نوائے وقت لاہور (۱۹۴۸ء۔۱۹۷۲ء) ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور (۱۹۶۴ء۔۱۹۷۳ء) ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور (۱۹۶۱ء۔۱۹۷۳ء) ماہنامہ ہمایوں لاہور (۱۹۴۸ء۔۱۹۵۵ء) ہفت روزہ قومی زبان کراچی (۱۹۵۱ء۔۱۹۵۶ء) ماہنامہ قومی زبان کراچی (۱۹۶۰ء۔۱۹۶۹ء) ماہنامہ طلوع اسلام لاہور (۱۹۴۸ء۔۱۹۶۶ء) ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی (۱۹۴۸ء۔۱۹۴۹ء) ہفت روزہ جہاں نما لاہور (۱۹۶۶ء۔۱۹۶۹ء) اور روزنامہ ندائے ملت لاہور (۱۹۶۹ء۔۱۹۷۰ء) شامل ہیں۔

اس اشاریہ میں قائدِ اعظم پر لکھے جانے والے مضامین، اداریئے، قائدِ اعظم سے متعلق خبریں اور آپ کے بیانات و تقاریر شامل ہیں۔ اشاریہ مرتب کرتے وقت دو باتوں کو مدِ نظر رکھا گیا ہے اوّل مختلف حضرات کے تحریر کردہ مضامین کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے اور خبریں اور اداریئے سن کے حساب سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔

میرے خیال میں اس اشاریہ سے قائدِ اعظم پر کام کرنے والوں کو کافی مدد ملے گی۔ اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے میں نے یہ کام شروع کیا تھا۔ لیکن اخبارات اور رسائل کے مکمل فائلوں کی عدم موجودگی میں اس کام کو بھی جامع اور مکمل نہیں کہا جا سکتا۔ میں نے ایک سمت کی نشان دہی کر دی ہے امید ہے کہ کوئی اور صاحب اس کام کو مزید آگے بڑھائیں گے۔ اس سلسلے میں انگریزی میں بکھرے ہوئے مواد کی نشان دہی کے لئے اشاریہ کی سخت ضرورت ہے۔

اس اشاریہ کی تیاری کے دوران مجھ سے جن حضرات نے تعاون فرمایا ان میں پنجاب پبلک لائبریری کے محمد فیاض اور عبد الغفار لاہور میوزیم لائبریری کے جناب سلیمان گل اور محمد اصغر شامل ہیں میں ان تمام حضرات کا ممنون ہوں۔ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کے ڈاکٹر معین الحق صاحب کا بھی ممنون ہوں کہ جنہوں نے مجھے روزنامہ عصرِ جدید کے فائلوں سے استفادہ کی اجازت مرحمت فرمائی۔

آخر میں ڈاکٹر وحید الزماں صاحب اور ڈاکٹر رفیق افضل صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے جنہوں نے مسودہ کو بہتر بنانے کے سلسلے میں مفید مشوروں سے نوازا۔

احمد سعید

۱۶ر مئی ۱۹۷۶ء

قائدِ اعظم پر مضامین

تصویر کی کہانی)

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۱۴ ـــــ ابنِ مجتبیٰ

قائدِ اعظم کا کارنامہ تاریخِ اسلام کا انوکھا باب ہے

روزنامہ کوہستان لاہور۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۶

۱۵ ـــــ ابوالاعلیٰ مودودی

قائدِ اعظم پاکستان کو اسلامی ریاست بنانا چاہتے تھے۔

(منیر انکوائری کمیٹی کے سامنے بیان)

روزنامہ جسارت کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۲ء ص ۲

۱۶ ـــــ ابوالحسن نغمی

بچوں نے قائدِ اعظم کو چودہ روپے چھ آنے پیش کئے۔

روزنامہ امروز لاہور۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۱۷ ـــــ ابوالحسن نغمی

جب قائدِ اعظم نے ننھے منے مسلم لیگیوں کے اجلاس میں شرکت کی۔

روزنامہ کوہستان لاہور۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۴

۱۸ ـــــ ابوالخیر کشفی سید

قائدِ اعظم ایک تجزیہ

ماہنامہ ماہ نو کراچی۔ دسمبر ۱۹۵۰ء ص ۴۳

۱۹ ـــــ ابوالنعیم

قائدِ اعظم

روزنامہ جسارت کراچی۔ ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۷

۲۰ ـــــ ابورفعت

قائدِ اعظم اردو شاعری میں

ہفتہ وار قندیل لاہور۔ ۳ جنوری ۱۹۶۵ء ص ۸

۲۱ ـــــ ابورفعت

قائدِ اعظم اور عوام

ہفت روزہ "قندیل" لاہور۔ ۱۵ ستمبر ۱۹۵۷ء ص ۶

۲۲ ـــــ ابوسعید انور

بانیٔ پاکستان کی زندگی جہدِ مسلسل کی لازوال مثال ہے

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۲

۲۳ ـــــ ابوسعید انور

ڈرامہ جو مباحثہ بنا دیا گیا (۱۹۳۸ء میں ایک مباحثہ "مسٹر جناح کی پالیسی آزادیٔ ہند کے منافی ہے")

روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۶۴ء ص ۱۰

۲۴ ـــــ ابوسعید انور

قائدِ اعظم

ہفت روزہ چٹان لاہور۔ ۲۷ ستمبر ۱۹۵۴ء ص ۱۵۔۱۷

۲۵ ـــــ ابوسعید انور

قائدِ اعظم اصول نوازی کے پیکر

روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۵

۲۶ ـــــ ابوسعید انور

قائدِ اعظم جہدِ مسلسل کی تاریخی مثال ذہنی ڈائری میں سے چند سطور۔

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۲

۲۷ ـــــ ابوسعید انور

قائدِ اعظم نے ملک خضر حیات ٹوانہ سے کہا "خضر بیوقوف نہ بنو"

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۵

۲۸ ـــــ ابوسعید انور

ہمارا قائد

روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۴

۲۹ ـــــ ابوسلمان شاہ جہان پوری

قائدِ اعظم پیکرِ حق و صداقت

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۷

۳۰ ـــــ ابوضیا اقبال ۔

قائدِ اعظم کا سفرِ آخرت

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ کراچی جہاد نمبر ۱۹۷۱ء ص ۵۲ ـ ۵۷

۳۱ ـــــ ابوضیا اقبال ۔

قائدِ اعظم کی تصویریں

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور دسمبر ۱۹۷۱ء ص ۲۴ ـ ۲۶

۳۲ ـــــ ابوظفر زین ۔

قائدِ اعظم سیاست میں دیانت کو لازمی سمجھتے تھے ۔

(سندھی سیاست سے متعلق)

روزنامہ مشرق لاہور ۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۷

۳۳ ـــــ احسان بی اے ۔

دنیا کی کوئی طاقت منظم عوام کی رائے اور مرضی کی مزاحمت نہیں کر سکتی ۔ قائدِ اعظم کا ارشاد

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ ردسمبر ۱۹۷۱ء ص ۷

۳۴ ـــــ احسان بی اے ۔

قائدِ اعظم نے فرمایا پہلے خود قانون کا احترام سیکھو پھر دوسروں پر اعتراض کرو ۔

روزنامہ کوہستان لاہور ۔ ۱۸ اگست ۱۹۶۷ء ص ۲

۳۵ ـــــ احسان بی اے ۔

کیا قائدِ اعظم نے اسلام کو دو قومی نظریہ کی بنیاد نہیں سمجھا کیا قائدِ اعظم اوّل و آخر سیکولر تھے

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۷ رجنوری ۱۹۶۸ء ص ۶

۳۶ ـــــ احسان ملک ۔

ایک اور سنگِ میل (قائدِ اعظم کے مزار کی تعمیر)

ماہنامہ ماہ نو کراچی ۔ ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۱۰ ـ ۱۱

۳۷ ـــــ احسن فاروقی ۔

قائدِ اعظم کی ذہانت

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۳۸ ـــــ احسن فاروقی ۔

قائدِ اعظم کی ذہانت

روزنامہ جسارت کراچی ۔ ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۳۹ ـــــ احمد الدین مارہروی

قائدِ اعظم ہندو ہوسٹل میں

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور جنوری ۱۹۶۸ء ص ۱۷۵، ۱۷۶

۴۰ ـــــ احمد بشیر

بھولی بسری یادیں (قائدِ اعظم کا تذکرہ)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۲

۴۱ ـــــ احمد سعید، پروفیسر

قائدِ اعظم سب سے پہلے کس نے کہا

ہفت روزہ جہاں نما لاہور ، ۱۶ اکتوبر ۱۹۶۶ء ص ۳، ۴

۴۲ ـــــ احمد سعید، پروفیسر

قائدِ اعظم علماء کی نظر میں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۶

۴۳ ـــــ احمد یار خاں دولتانہ، نواب

مسلمان آل انڈیا مسائل میں مسٹر جناح کے ساتھ کیوں ہیں

روزنامہ انقلاب لاہور ۱۶ مئی ۱۹۳۷ء ص ۳

۴۴ ـــــ ارشاد احمد خاں

جی الانا سے ملاقات (قائدِ اعظم کا تذکرہ)

روزنامہ انجام کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۵

۴۵ ـــــ ارشد الزماں

قائدِ اعظم

ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۵۶ ـ ص ۱۱ ـ ۱۲

۴۶ ـــــ ارشد چودہری

بچو تم آگئے جاؤ اور جا کر کام کرو

ہفت وار زندگی لاہور ۹ اگست ۱۹۷۱ء ص ۱۵-۱۶

۴۷ــــ ارشد میر
قائدِ اعظم گوجرانوالہ میں۔
ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور ستمبر ۱۹۷۴ء ص ۶۹-۷۲

۴۸ــــ اسد ملتانی
رہبر نیکو نہاد (نظم)
ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۸-ص ۷

۴۹ــــ اسد ملتانی
قائدِ اعظم کا آبائی وطن
ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۳۰

۵۰ــــ اسرار زیدی
قائدِ اعظم اور تحریکِ آزادی
آغا خاں کی یادداشتوں سے ترتیب دیا ایک تاریخی خاکہ
روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۷

۵۱ــــ اسرار زیدی
قائدِ اعظم طاقت کے آگے جھکنا گناہِ عظیم سمجھتے تھے
(آغا خان کی یادداشتوں سے اقتباسات)
روزنامہ امروز لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۲

۵۲ــــ اسعد گیلانی
قائدِ اعظم کی واپسی
ہفت روزہ قندیل لاہور ۳۱ جنوری ۱۹۶۸ء ص ۷-۸

۵۳ــــ اسمٰعیل طارق
قائدِ اعظم کار چلانے کے معاملے میں میانہ روی کے حامی تھے۔ قائدِ اعظم کے ڈرائیور محمد عثمان سے انٹرویو۔
روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۳

۵۴ــــ اشتیاق حسین قریشی
قائدِ اعظم
ماہنامہ ماہ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۲۷-۲۸

۵۵ــــ اشتیاق حسین قریشی
قائدِ اعظم سے عبدالغفار خان کی ملاقات
ہفت روزہ زندگی لاہور ۲۱ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۱-۱۲

۵۶ــــ اشرف خمار
قائدِ اعظم کی طنزیات
روزنامہ ندائے ملت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۰

۵۷ــــ اصغر خان، ایر مارشل
ــــ سپاہی اور سیاست (قائدِ اعظم کا تذکرہ)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۷ اکتوبر ۱۹۶۸ء ص ۳+۶

۵۸ــــ اطہر امرتسری
قائدِ اعظم کی داستانِ حیات
روزنامہ عصرِ جدید کلکتہ ۸ اپریل ۱۹۴۰ء ص ۱+۲

۵۹ــــ اظہر جاوید فاروق
قائدِ اعظم مری میں
ہفتہ وار لیل و نہار لاہور ۱۵-۲۱ ستمبر ۱۹۷۴ء ص ۱۳+۱۴

۶۰ــــ اظہر حسین
قائدِ اعظم جواں مردوں کے سرخیل ہیں
روزنامہ حریت کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۱

۶۱ــــ افتخار اللہ خاں، راجہ
اس کی باتوں میں گلوں کی خوشبو
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۴

۶۲ــــ افضل صدیقی
قائدِ اعظم کی شخصیت و سیاست
روزنامہ انجام کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۲

۶۳ــــ اقبال احمد صدیقی
بابائے ملت قائدِ اعظم محمد علی جناح

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۶۴ ــــ اقبال احمد صدیقی

قائدِ اعظم نوادرات کمیشن کا قیام

روزنامہ جنگ کراچی ۱۹ جنوری ۱۹۷۰ء ص ۱۰

۶۵ ــــ اقبال اختر

بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

ہفت روزہ اقدام لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۷ - ۸

۶۶ ــــ اقبال کامل

محبوب راہنما

ہفت روزہ قندیل لاہور ۹ ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۳

۶۷ ــــ اکبر سید، راجہ

ہزاروں سال نرگس

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۱

۶۸ ــــ اکبر خان، میجر جنرل

قائد اور سپاہی، کچھ یادیں کچھ باتیں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۲

۶۹ ــــ اکبر کاظمی

بحضورِ قائدِ اعظم

ہفت روزہ قندیل لاہور ۱۳ اگست ۱۹۶۹ء ص ۱۴

۷۰ ــــ اکبر کاظمی

قائدِ اعظم ملت کا جلیل القدر راہنما

ہفت روزہ پاک جمہوریت لاہور ۱۳ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۶

۷۱ ــــ اکرم بٹ

قائدِ اعظم اور جد و جہدِ آزادی

ہفتہ وار لیل و نہار لاہور ستمبر ۱۹۶۳ء

۷۲ ــــ اکرام رانا

قائدِ اعظم کا احترام

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲ مئی ۱۹۷۰ء ص ۳

۷۳ ــــ اکرام ملک

قائدِ اعظم سیالکوٹ میں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۳ مارچ ۱۹۶۳ء ص ۴

۷۴ ــــ اکرام غازی

قائدِ اعظم کی یاد

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۲ دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۱۸

۷۵ ــــ اکرام غازی

قائدِ اعظم معاصر سیاست دانوں کی نظر میں

روزنامہ مشرق لاہور ۹ جنوری ۱۹۶۵ء ص ۴

۷۶ ــــ اکمل علیمی

قائدِ اعظم سے ملاقات کیلئے ساڑھے سات سو میل کا سفر پیدل طے کیا۔ (بابا نواب دین)

روزنامہ امروز لاہور ۱۸ اکتوبر ۱۹۷۰ء ص ۱

۷۷ ــــ الطاف حسین

قائدِ اعظم کی یاد میں

ماہنامہ ماہ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۴۵ - ۴۷

۷۸ ــــ الطاف حسین قریشی

میاں بشیر احمد سے انٹرویو

(قائدِ اعظم سے ملاقاتوں کا احوال)

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور اپریل ۱۹۶۲ء ص ۲۳ - ۲۵

۷۹ ــــ الطاف علی بریلوی، سید

قائدِ اعظم

سہ ماہی العلم کراچی جولائی ۱۹۷۳ء ص ۳ - ۷

۸۰ ــــ الطاف قریشی

ڈاکٹر محمود حسین سے انٹرویو (قائدِ اعظم کا تذکرہ)

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور مئی ۱۹۶۳ء ص ۱۲ - ۱۳

۸۱ —— الف وادِ جیم

وہ راہبر کہ تھا احساسِ کائنات لئے ہوئے

ہفت روزہ قندیل لاہور ۳۰ دسمبر ۵۶ ۱۹ء ص ۱۲-۱۳

۸۲ —— اللہ بخش راجپوت

قائدِ اعظم تحریر کے آئینے میں

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۳، ۶

۸۳ —— اللہ بخش یوسفی

قائدِ اعظم کے فہم و فراست کی چند مثالیں

روزنامہ انجام کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۵

۸۴ —— امۃ الرشید شیریں

قائدِ اعظم کی ذہانت اور طنز گوئی

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۳

۸۵ —— امجد حسین ملک

قائدِ اعظم محمد علی جناح

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۷

۸۶ —— امجد حسین

قائدِ اعظم کو اپنے الفاظ کا انتہائی پاس تھا

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۵

۸۷ —— امجد حسین ملک

نظریۂ پاکستان کا تحفظ و استحکام (قائدِ اعظم کا تذکرہ)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۸ مئی ۱۹۶۹ ص ۳

۸۸ —— امین انجم

قائدِ اعظم کی ظرافت

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۸۲

۸۹ —— امین انجم

قائدِ اعظم کی گفتگو میں مزاح

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲ جنوری ۱۹۵۵ء ص ۱۷

۹۰ —— امین زبیری

قائدِ اعظم اور قومی تعلیم

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۵۶ء ص ۸-۱۰

۹۱ —— انتظار حسین

قائدِ اعظم

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۲

۹۲ —— انتظار حسین

قائدِ اعظم اپنی ذات میں ایمان کی علامت تھے

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۲ء

۹۳ —— انتظار حسین

قائدِ اعظم کی سوانح حیات کہاں ہے (قائدِ اعظم کے یوم وفات پر جلسہ کی روئیداد)

روزنامہ مشرق لاہور ۱۴ ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۳

۹۴ —— انتظار حسین

کیا قائدِ اعظم اسلامی مملکت کے تصور کے خلاف تھے

(جسٹس منیر احمد کے بیان پر پروفیسر عثمان کی رائے)

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۶

۹۵ —— انتظار حسین

میرا المیہ یہ ہے کہ میں نے قائدِ اعظم کو نہیں دیکھا

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۴

۹۶ —— انجم احمد الدین

قائدِ اعظم کے تصورات

روزنامہ مشرق کراچی ۱۱ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۵

۹۷ —— انعام صدیقی

بڑا دن بڑا انسان

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۳ دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۱۲-۱۳

۹۸ ـــــ انور حسین
قوم بے شیرازہ را شیرازہ بند
ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۹ - ۱۲

۹۹ ـــــ انور صبا
عظیم انسان عظیم احسان
ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۲ر دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۱۲ - ۱۳

۱۰۰ ـــــ انور حارث
میں کسی انگریز سے کم نہیں قائدِ اعظم کی خودداری کا ایک واقعہ
روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۷

۱۰۱ ـــــ انور عنایت اللہ
قائدِ اعظم مدبر سیاست داں
روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۱۱

۱۰۲ ـــــ انیس پرویز
قائدِ اعظم موت کے سوا کسی دشمن کے آگے نہیں جھکے
روزنامہ امروز لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۴

۱۰۳ ـــــ اے ایچ اختر
دنیا کی کوئی طاقت قائدِ اعظم کو مرعوب نہیں کر سکتی تھی۔ لارڈ ولنگٹن کے کنونشن کی روئیداد ۱۹۱۸ء میں
روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۹ء

۱۰۴ ـــــ اے ایچ ساحر
قائدِ اعظم ادھوری اور نامکمل جمہوریت کے خواہاں نہیں تھے۔
روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۸ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۴

۱۰۵ ـــــ اے ٹی سعدی
یادوں کی برات (قائدِ اعظم کا تذکرہ)
ہفتہ وار زندگی لاہور ۲۵ر ۳۱ر اگست ۱۹۷۰ء ص ۲۹، ۳۰

۱۰۶ ـــــ اے ڈی اظہر
قائدِ اعظم اصول اور ہم
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۷

۱۰۷ ـــــ اے ڈی اظہر
قائدِ اعظم سے چند ملاقاتیں
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۳

۱۰۸ ـــــ اے مجید
معمارِ قوم
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۵

۱۰۹ ـــــ ایس اے وجے ٹی ٹیک
قائدِ اعظم محمد علی جناح
ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۶ء ص ۱۱ - ۱۲

۱۱۰ ـــــ ایس ایم امیر افضل
بابائے قوم محمد علی جناح سے قائدِ اعظم بننے تک
روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۲

۱۱۱ ـــــ ایس ایم شریف
۱۹۱۳ اور ۱۹۴۰ء کے مسٹر جناح میں فرق
روزنامہ عصرِ جدید کلکتہ ۲۲ر اپریل ۱۹۴۰ء ص ۱

۱۱۲ ـــــ ایس ایم یوسف
قائدِ اعظم
ماہنامہ ماہ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۳۵

۱۱۳ ـــــ ایس جے شاہد
ایک یادگار شام (۱۹۴۸ء میں قائدِ اعظم سے ملاقات کا احوال)
روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۵

۱۱۴ ـــــ ایس شمس
اس کی باتوں میں گلوں کی خوشبو۔ حیاتِ قائدِ اعظم

چند واقعات کی روشنی میں۔

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۴

۱۱۵ —— ایس فیروز

قائدِ اعظم اور قیادت

پندرہ روزہ استقلال لاہور ۱۵ ستمبر ۱۹۵۶ء ص ۵+۱۲

۱۱۶ —— ایس محی الدین احمد

قائدِ اعظم

روزنامہ جنگ کراچی ۱۴ اگست ۱۹۶۴ء ص ۱۱

۱۱۷ —— ایف ڈی ڈگلس

قائدِ اعظم ناقابلِ فراموش شخصیت

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۷

۱۱۸ —— ایک اسکاؤٹ

قائدِ اعظم اور اسکاؤٹنگ

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۶

۱۱۹ —— ایم آر احسن

جناح دار الملتہ دہلی میں تعمیر کرنے کی تعمیری اسکیم
تحریک پاکستان و اسلامستان کے مستقر اور ہیڈ کوارٹر کی
زبردست عملی تجویز۔

روزنامہ عصرِ جدید کلکتہ ستمبر ۱۹۴۳ء ص ۲

۱۲۰ —— ایم افتخار

قائدِ اعظم اپنوں اور غیروں کی نظر میں۔ مادرِ ملت۔
مانٹیگو۔ مولانا شبیر احمد عثمانی۔ علامہ اقبال۔ ڈاکٹر امبیدکر
سروجنی نائیڈو۔ لیاقت علی جان گنتھر۔ گاندھی۔ کرپس اور
آغاخان کے تاثرات۔

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۷

۱۲۱ —— ایم افتخار

قائدِ اعظم اپنے اور بیگانوں کی نظر میں۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۶

۱۲۲ —— ایم امین الدین

قائدِ اعظم۔ معمارِ پاکستان کی شخصیت کا ایک مطالعہ

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۱۲۳ —— اصفہانی، ایم اے ایچ

"عظیم قائد عظیم اوصاف" ان کے قول و فعل
میں تضاد نہیں تھا۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۱۲۴ —— اصفہانی

عظیم شخصیت کے اَن دیکھے گوشے (قائدِ اعظم
میری نظر میں سے اقتباسات)

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۳۶ - ۱۳۷

۱۲۵ —— اصفہانی

قائدِ اعظم

روزنامہ انجام کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۲

۱۲۶ —— اصفہانی، ایم اے ایچ

قائدِ اعظم

روزنامہ مشرق لاہور ۱۳ اگست ۱۹۶۷ء ص ۳

۱۲۷ —— اصفہانی، ایم اے ایچ

قائدِ اعظم اپنی تعریف سن کر خوش نہیں ہوتے تھے

روزنامہ مشرق کراچی ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۹

۱۲۸ —— اصفہانی، ایم اے ایچ ترجمہ قمر عباس جعفری

قائدِ اعظم نے سربمہر لفافہ پڑھا اور فوراً اجلاس شروع ہوگیا

روزنامہ جنگ کراچی یوم پاکستان ایڈیشن ۱۹۶۸ء ص ۱۰

۱۲۹ —— اصفہانی

وہ ہمت و جرأت کا سرچشمہ تھے، شدید بیماری میں بھی
فرائض سرانجام دیتے تھے۔ قائدِ اعظم میری نظر میں

سے اقتباسات۔

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۸ء

۱۳۰ —— ایم اے حسین

ایک نئے دور کا آغاز جب قائدِاعظم نے مسلمانوں کی زمام قیادت اپنے ہاتھوں میں سنبھالی

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۴

۱۳۱ —— ایم اے صدیقی

قائدِاعظم اور مسلم نوجوان

روزنامہ انجام کراچی ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۲

۱۳۲ —— ایم اے صوفی

قائدِاعظم آخر وقت تک با اصول رہے

ہفت روزہ اقدام لاہور ۸ر ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۱۷-۱۸

۱۳۳ —— ایم اے ملک

وہ ہاتھ جس نے پاکستان بنایا (قائدِاعظم کے ہاتھ کا ایک جائزہ)

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور جون ۱۹۶۵ء ص ۲۶-۳۰

۱۳۴ —— ایم اے منیر

قائدِاعظم کی آخری قیام گاہ اداس ہے (قائدِاعظم کے خانساماں گلاب خان سے انٹرویو)

ہفت روزہ لیل و نہار لاہور ۸ر ستمبر ۱۹۵۷ء ص ۳۷

۱۳۵ —— ایم ایس طوسی

قائدِاعظم اسلامی نظام چاہتے تھے

روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۱ر مارچ ۱۹۷۰ء ص ۶

۱۳۶ —— ایم ایس ناز

قائدِاعظم

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۴ر دسمبر ۱۹۶۹ء - ص ۱۲-۲۳

۱۳۷ —— ایم ایم افضل

قائدِاعظم کے ارشادات کی تعمیل میں (پی اے ایف کے بارے میں قائدِاعظم کے ارشادات)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۴ر اگست ۱۹۶۱ء ص ۲۔

۱۳۸ —— ایم کے میر

قائدِاعظم اور مساوات

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۱ء ص ۳

۱۳۹ —— ایم یوسف، ڈاکٹر

قائدِاعظم بیورلے نکلس کی نظر میں

ہفت روزہ اقدام لاہور ۱۱ر جنوری ۱۹۵۹ء ص ۱۵-۱۷

۱۴۰ —— ابن مجتبیٰ

قائدِاعظم کا عزم تاریخِ اسلام کا انوکھا باب ہے

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۶

۱۴۱ —— بادشاہ حسین، سید

ایک مکمل انسان قائدِاعظم کی زندگی کے چند روشن پہلو

روزنامہ انجام کراچی ۲۴ر مارچ ۱۹۷۰ء ص ۲

۱۴۲ —— بادشاہ حسین، سید

جب قائدِاعظم نے پاؤں پٹکا تو جج صاحب کے ہاتھ سے قلم چھوٹ گیا۔ (قائدِاعظم سے متعلق ذاتی تاثرات)

روزنامہ انجام کراچی ۲۴ر مارچ ۱۹۶۶ء ص ۳

۱۴۳ —— بادشاہ حسین، سید

قائدِاعظم ایک مکمل انسان قائدِاعظم کی زندگی کے چند روشن پہلو

روزنامہ انجام کراچی ۲۴ر مارچ ۱۹۶۴ء ص ۲

۱۴۴ —— بادشاہ حسین، سید

جب ایک خاتون پامسٹ نے قائدِاعظم کا ہاتھ دیکھ کر قیام پاکستان کی پیشنگوئی کی

روزنامہ انجام کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۵ء ص ۲

۱۴۵ ــــ بزم ہمایوں

قائدِ اعظم کا عطیہ

ماہنامہ ہمایوں لاہور ستمبر ۱۹۵۲ء ص ۵۲۰

۱۴۶ ــــ بشارت اللہ بیگ

قائدِ اعظم

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۲ء

۱۴۷ ــــ بشارت ناگی

قائدِ اعظم عوام کا دوست (جناح کے ایک بے لوث

دوست احمد علی جمیر بھائی لاکھا کے تاثرات)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۵ر جنوری ۱۹۶۵ء ص ۳-۶

۱۴۸ ــــ بشیر احمد میاں

تحریکِ پاکستان کے فکری عناصر (قائدِ اعظم کا تذکرہ)

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر اپریل ۱۹۶۸ء ص ۴

۱۴۹ ــــ بشیر احمد، میاں

تصویرِ عزم

ماہنامہ ماہ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۲۵-۲۶

۱۵۰ ــــ بشیر احمد، میاں

اسلامی دنیا کے دو راہنما (کمال اتاترک اور قائدِ اعظم)

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۱۹

۱۵۱ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم ۔ آپ نے دو قومی نظریہ کو تحریکِ پاکستان

کا بنیادی اصول قرار دیا

روزنامہ مشرق لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۱۵۲ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم

روزنامہ مشرق کراچی ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۱۵۳ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم کو مسلمانوں کے مستقبل پر کامل اعتماد تھا

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۴

۱۵۴ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم کی زندگی کے اہم واقعات

ماہنامہ ہمایوں لاہور اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۴۲۴، ۴۳۲

۱۵۵ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم کی شاندار قیادت

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۴ر دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۲۰

۱۵۶ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم کی موت اور قوم کا عزم

ماہنامہ ہمایوں لاہور نومبر ۱۹۴۸ء ص ۴۴۱-۴۵۲

۱۵۷ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم محمد علی جناح

ماہنامہ ہمایوں لاہور دسمبر ۱۹۵۰ء ص ۷۷۸-۷۷۹

۱۵۸ ــــ بشیر احمد، میاں

قائدِ اعظم نے دس کروڑ شکست خوردہ مسلمانوں

کی مایوسی کو کامرانیوں میں بدل دیا

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۱۵۹ ــــ بشیر احمد، میاں

محمد علی جناح

ماہنامہ ہمایوں لاہور اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۴۰۸-۴۰۹

۱۶۰ ــــ بشیر احمد، میاں

محمد علی جناح

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۵

۱۶۱ ــــ بشیر احمد ارشد

قائدِ اعظم سر آغا خاں کی نظر میں

ہفت روزہ قندیل لاہور ۱۰ر ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۱۲-۱۳

۱۶۲ —— بشیر احمد ارشد

قائدِ اعظم کے بعد

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲ر جنوری ۱۹۵۵ء ص ۶

۱۶۳ —— بشیر احمد غازی آبادی، حافظ

بابائے پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۵

۱۶۴ —— بشیر احمد غازی آبادی، حافظ

قائدِ اعظم اسلام اور انسانی برادری کا مایہ ناز فرزند

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۷

۱۶۵ —— بشیر احمد غازی آبادی، حافظ

قائدِ اعظم کی دوررس نگاہوں نے ہندوؤں کے ناپاک عزائم کو اچھی طرح بھانپ لیا

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۱۶۶ —— بشیر احمد غازی آبادی، حافظ

قائدِ اعظم کی قیادت نے قومی یکجہتی کا شعور پیدا کیا

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۷

۱۶۷ —— بشیر احمد غازی آبادی، حافظ

قائدِ اعظم نے فرمایا

روزنامہ جنگ کراچی ۱۵ر اگست ۱۹۶۷ء ص ۲۳

۱۶۸ —— بشیر برلاس

یادوں کے نقوش۔ قائدِ اعظم سواد اعظم کی زبان

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۳ر مارچ ۱۹۶۷ء ص ۵

۱۶۹ —— بشیر پرویز

خان بہادری کی سند۔ انہوں نے قائدِ اعظم کے قدموں پر ڈال دی۔

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۵

۱۷۰ —— بشیر پرویز

خان مراد خان سے دو ملاقاتیں، خان بہادری کی سند قائدِ اعظم کے قدموں پر ڈال دی۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۱۷۱ —— بطل جلیل

آغا خاں کی خود نوشت سوانح کا ایک باب

روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ ۲۶ر دسمبر ۱۹۵۴ء ص ۵

۱۷۲ —— بقاء اللہ برکی

قائدِ اعظم سفیرِ صلح

ہفت روزہ قندیل لاہور ۸ر ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۷-۸

۱۷۳ —— بلقیس اختر

قائدِ اعظم کی شخصیت کا آئینہ

ہفت روزہ پاک جمہوریت لاہور ۱۳ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۱۳-۱۴

۱۷۴ —— بنت گردون

قائدِ اعظم چاہتے تھے کہ ماضی میں مسلمانوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیاں مستقبل میں نہ دہرائی جائیں

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۲

۱۷۵ —— بہادر یار جنگ

قائدِ اعظم

ماہنامہ المعارف لاہور دسمبر ۱۹۷۲ء ص ۴، ۷

۱۷۶ —— بیگم آباد احمد خاں

مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا۔

(قائدِ اعظم سے ملاقاتوں کا حال)

ہفت روزہ زندگی لاہور ۲۵ر جون ۱۹۷۳ء ص ۲۶-۲۷

۱۷۷ —— بیگم آغا حسن حیدری

محترمہ رتی بیگم جناح سے ایک ملاقات

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۱ء ص ۱

۱۷۸ ــــ بیگم تصدق حسین

سیارہ آتشیں

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۵۵ء ص ۷-۸

۱۷۹ ــــ بیگم حبیب اللہ

مسٹر جناح کی بڑی بات اور اخبار حقیقت کا چھوٹا منہ

روزنامہ انقلاب لاہور ۱۴ر مئی ۱۹۳۷ء ص ۳ (مضمون)

۱۸۰ ــــ بیگم شاہنواز

قائدِ اعظم چند تاثرات

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۴ء ص ۷-۹

۱۸۱ ــــ بیگم شاہنواز

قائدِ اعظم چند تاثرات

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۱۱

۱۸۲ ــــ بیگم صدیق علی خاں

شمع ضیا رپوش

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۶-۷

۱۸۳ ــــ بیوری نکلس

ایک بطل عظیم سے مکالمہ

ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۲۴-۳۱

۱۸۴ ــــ بیوری نکلس۔ ترجمہ عبدالحمید نظامی

ایک بطل عظیم سے ملاقات (قائدِ اعظم سے ملاقات اور تاثرات)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۵۹ء ص ۳

۱۸۵ ــــ پدم کانت مالویہ

اور جناح نے کہا کہ ہمارا خون گرم ہے

ماہنامہ کنگن بمبئی ستمبر ۱۹۶۳ء

۱۸۶ ــــ پیام شاہ جہاں پوری

آزادیٔ وطن کے لئے قائدِ اعظم کی مساعی

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۰

۱۸۷ ــــ پیام شاہ جہاں پوری

قائدِ اعظم کی سیاست

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۵

۱۸۸ ــــ پیام شاہ جہاں پوری

قائدِ اعظم کا عزمِ راسخ

ماہنامہ گلِ خنداں۔ لاہور ستمبر ۱۹۶۵ء ص ۱۷-۲۲

۱۸۹ ــــ پیر بخش خاں

قائدِ اعظم چند یادیں چند تاثرات

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۲+۷

۱۹۰ ــــ پیر تاج الدین

ایک واقعہ (قائدِ اعظم سے متعلق)

ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۵۰ء ص ۲۰

۱۹۱ ــــ تاثیر، ڈاکٹر

قائدِ اعظم کی کامیابی کا راز

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۵۹ء ص ۱۱

۱۹۲ ــــ تاثیر

ہائے وہ میر کارواں نہ رہا

ہفت روزہ اقدام لاہور ۱۲ر ستمبر ۱۹۵۴ء ص ۶

۱۹۳ ــــ تاثیر

قائدِ اعظم کی کامیابی کا راز

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۳۹

۱۹۴ ــــ تفضل حسین مانک میاں

مملکت، آئین، جمہوریت قائدِ اعظم کی نظر میں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۱۹۵ ــــ ثمینہ عزیز راٹھور

قائدِ اعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد قوموں کی صف میں لا کھڑا کیا

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۰ ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۱۰

۱۹۶ ــــ جاوید اقبال
قائدِ اعظم نے خود کو آزادی کے نصب العین کے لئے وقف کیا
روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۲+۱۹

۱۹۷ ــــ جاوید صدیقی
قائدِ اعظم چند شخصی تاثرات
ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء ص ۱۵-۱۶

۱۹۸ ــــ جسٹس محمد منیر
قائدِ اعظم اور اسلامی آئین (یحییٰ بختیار کے جواب میں)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۶ نومبر ۱۹۶۷ء ص ۶

۱۹۹ ــــ جمیل ہمدم
قائدِ اعظم کی بے ریا شخصیت
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۶

۲۰۰ ــــ جوشوا فضل دین
قائدِ اعظم کی شخصیت کا ارتقاء
روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۳

۲۰۱ ــــ جوش اور قائدِ اعظم ۔ جوش سے متعلق دیوان سنگھ مفتون کی کتاب پر ریاست اخبار کا تبصرہ اور نوائے وقت کی تنقید ۔
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۶ مئی ۱۹۵۹ء ص ۳+۴

۲۰۲ ــــ جہاں آرا شاہنواز
آہ قائدِ اعظم
ماہنامہ ہمایوں لاہور اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۳۹۷ - ۴۰۰

۲۰۳ ــــ جہاں آرا شاہنواز
قائدِ اعظم کی مقدس یاد
ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۹ء ص ۸

۲۰۴ ــــ جہاں گرد
قائدِ اعظم کا آخری سفر
ہفت دار لیل و نہار لاہور ۱۶ ستمبر ۱۹۶۲

۲۰۵ ــــ جی الانا ۔ ترجمہ حافظ محمد اسلم
قائدِ اعظم کا بچپن (اسکول کے ایام اور لندن میں تعلیمی زندگی)
روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۳

۲۰۶ ــــ جیمز اے مچز
قائدِ اعظم
ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۰ ستمبر ۱۹۵۳ء ص ۶

۲۰۷ ــــ جیمز بالبرن
ایک عالی دماغ تھا نہ رہا (گلاسکو ہیرالڈ کے ایڈیٹر کا خراجِ عقیدت)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۸ فروری ۱۹۵۹ء ص ۴

۲۰۸ ــــ جینفر جہاں زیب موسیٰ
انہیں اپنی قسمت پر ناز تھا کہ قائدِ اعظم ان کے یہاں مہمان ٹھہرے
روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۵

۲۰۹ ــــ حاتم علی علوی ۔ ترجمہ عبدالحمید چھاپرا
قائدِ اعظم اور کراچی
روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۲

۲۱۰ ــــ حامد علی قریشی
جب قائدِ اعظم کی قیادت میں قوم متحد ہوئی
روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۳ء ص ۲

۲۱۱ ــــ حامد علی قریشی
مسلم قوم کی آزادی ۔ قائدِ اعظم کا سب سے بڑا کارنامہ
روزنامہ جنگ کراچی ، ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۱۴

۲۱۲ —— حامد علی قریشی

قائدِ اعظم کا سب سے بڑا کارنامہ

روزنامہ جنگ کراچی ۱۳ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۱۲

۲۱۳ —— حامد مجید

جب ستارہ فضا میں ڈوب گیا

ہفت روزہ اقدام لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۱۲-۱۳

۲۱۴ —— حامد مجید

جہانِ نو کا معمارِ عظیم

ہفت روزہ قندیل لاہور ۳ر جنوری ۱۹۶۰ء ص ۹-۱۰

۲۱۵ —— حامد مجید

دل و نگاہ کو اب بھی تری ضرورت ہے

ہفتہ وار اقدام لاہور ۱۰ر ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۱۲-۱۳

۲۱۶ —— حامد مجید

قائدِ اعظم اور امنِ عالم

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۱۱-۱۲

۲۱۷ —— حامد مجید

قائدِ اعظم اور غریب عوام

ہفتہ وار قندیل لاہور ۸ر ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۱۲-۱۳

۲۱۸ —— حامد مجید

قائدِ اعظم ترے دیس میں

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۰

۲۱۹ —— حامد مجید

قائدِ اعظم کے بعد

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۱ر ستمبر ۱۹۵۸ء ص ۶

۲۲۰ —— حامد مجید

قائدِ اعظم مدبر سیاست داں

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۲ر دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۱۹-۲۰

۲۲۱ —— حامد مجید

وہ راہنما کہ عظمتِ منزل کہیں جسے

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۰ر ستمبر ۱۹۵۹ء ص ۱۲-۱۳

۲۲۲ —— حامد مجید

ہر باب میں ہیں ترے تدبّر کے خزانے

ہفتہ وار اقدام لاہور ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۹-۲۳

۲۲۳ —— حامد محمود

مردِ عظیم

ہفتہ وار اقدام لاہور ۲۷ر دسمبر ۱۹۵۹ء ص ۸

۲۲۴ —— حبیب آزاد

بے اصولی قائدِ اعظم کی سب سے بڑی چڑ تھی مجھے فخر ہے کہ میں پانچ سال تک قائدِ اعظم کا ڈرائیور رہا (قائدِ اعظم کے ڈرائیور سے انٹرویو)

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۲۲۵ —— حبیب اللہ اوج

قائدِ اعظم

ہفتہ وار قندیل لاہور ۱۸ر ستمبر ۱۹۵۰ء ص ۹-۱۰

۲۲۶ —— حبیب اللہ اوج

قائدِ اعظم ایک بھولی بسری یاد

ہفتہ وار اقدام لاہور ۹ر ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۶

۲۲۷ —— حبیب اللہ اوج

قائدِ اعظم خود اعتمادی کا پیکر

ہفتہ وار جہاں نما لاہور ۲۸ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۱۷-۲۱

۲۲۸ —— حبیب اللہ اوج

قائدِ اعظم کی سوانح حیات (ہیکٹر بولیتھو کی کتاب کا تنقیدی جائزہ)

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۱۶

۲۲۹ ـــــ حبیب اللہ اوج

نگہہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۶-۷

۲۳۰ ـــــ حبیب اللہ اوج

وہ جس کی قیادت کو ترستا ہے زمانہ (نظریات اور جدوجہد آزادی میں قائدِ اعظم کا حصہ، عرفان چغتائی

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۳+۴+۱۲

۲۳۱ ـــــ حسن اے شیخ۔ ترجمہ نثار زبیری

قائدِ اعظم بحیثیت جمہوریت پسند

ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی ۳۰ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۵

۲۳۲ ـــــ حسن بانو قزلباش

نگاہِ مردِ مومن

ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۹ء ص ۲۲

۲۳۳ ـــــ حسن ریاض

راجہ جی کا سیاسی فارمولا۔ قائدِ اعظم سے راجگوپال اچاریہ کی ملاقات

روزنامہ انجام کراچی ۳ر فروری ۱۹۶۴ء ص ۷

۲۳۴ ـــــ حسن ریاض، سید

فوجی بھرتی کے مسودۂ قانون پر کانگریس کا غلط رویہ۔ مسٹر جناح کا طرزِ عمل صحیح تھا۔

روزنامہ عصرِ جدید کلکتہ ۵ر ستمبر ۱۹۳۸ء ص ۳

۲۳۵ ـــــ حسن ریاض، سید

قائدِ اعظم کے تدبر کی وجہ سے انگریزوں کو پاکستان کا نظریہ تسلیم کرنا پڑا

روزنامہ انجام کراچی ۲۷ر جنوری ۱۹۶۴ء ص ۹

۲۳۶ ـــــ حسن مثنیٰ ندوی، سید

قائدِ اعظم

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۷-۱۴

۲۳۷ ـــــ حسن مثنیٰ ندوی، سید

قائدِ اعظم فاؤنڈیشن کا قیام

روزنامہ جنگ کراچی ۲۸ر جنوری ۱۹۷۴ء ص ۱۲

۲۳۸ ـــــ حسن مثنیٰ ندوی، سید

قائدِ اعظم کا فکری نشوونما

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۳۴-۴۴

۲۳۹ ـــــ حسن نظامی، خواجہ

قائدِ اعظم محمد علی جناح

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۸۶

۲۴۰ ـــــ حسن یعقوب

قائدِ اعظم نے تاریخ کا رُخ پلٹ دیا

روزنامہ کوہستان لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۴

۲۴۱ ـــــ حسین امام، سید

قائدِ اعظم کوہِ وقار

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۱۵-۱۷

۲۴۲ ـــــ حسین امام، سید

قائدِ اعظم کوہِ وقار

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۳۵-۳۷

۲۴۳ ـــــ حشمت علی، شیخ

روشنی کا مینار

ہفتہ وار اقدام لاہور ۲۳ر دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۱۶

۲۴۴ ـــــ حفیظ جالندھری

پاکستان دشمن ہار گئے اور قائدِ اعظم نے میرے گلے میں ہار ڈال دیا

ہفتہ وار زندگی لاہور ۳ر جون ۱۹۷۳ء ص ۱۲-۱۳

۲۴۵ ـــــ حکیم اللہ
قائدِ اعظم جیفورڈ مراسلت بابائے قوم کی مستند سوانح حیات کے لئے اہم ماخذ ثابت ہوگی
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۷

۲۴۶ ـــــ حکیم اللہ خان
قائدِ اعظم کے حضور (ملاقاتوں کا تذکرہ)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۲

۲۴۷ ـــــ حمید علی الملکی
چند یادیں (قائدِ اعظم)
روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۷

۲۴۸ ـــــ حمید علی الملکی
قائدِ اعظم کی یاد میں
روزنامہ ندائے ملت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۹

۲۴۹ ـــــ حمید نظامی
چند پرانی یادیں (قائدِ اعظم سے متعلق)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۶ دسمبر ۱۹۵۳ء ص ۳

۲۵۰ ـــــ حنیف رامے
قائدِ اعظم کا پاکستان
ماہنامہ نصرت لاہور دسمبر ۱۹۶۶ء جنوری ۱۹۶۷ء ص ۸

۲۵۱ ـــــ حیدر امام
۱۹۳۸ میں جب جلوس نکلا تو ہوائی جہاز سے پھول برسائے گئے (بابائے ملت کی باتیں)
روزنامہ حریت کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۲۵۲ ـــــ خادم حسین بٹالوی
قائدِ اعظم پر قاتلانہ حملہ سکھوں کی ناپاک سازش
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۳ مارچ ۱۹۶۳ء ص ۴

۲۵۳ ـــــ خالد اختر افغانی
۱۴ اگست سے سات دن پہلے (قائدِ اعظم کی دھلی سے کراچی آمد کا حال)
ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور اگست ۱۹۶۸ء ص ۱۷-۱۸

۲۵۴ ـــــ خالد خلد
قائدِ اعظم اپنی جائداد کو قوم کی جائداد کہا کرتے تھے
قائدِ اعظم کے بھتیجے محمد علی والجی سے ملاقات
ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۴-۱۵

۲۵۵ ـــــ خالد خلد
قائدِ اعظم نے فرمایا تھا عظیم قوم بننا ہے تو صوبائی عصبیت ترک کردیں
ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی ۲ جنوری ۱۹۷۴ء ص ۸-۹

۲۵۶ ـــــ خالد خلد
محمد علی والجی سے ملاقات۔ قائدِ اعظم کو ولایت بھیجنے کیلئے ان کے سرپرستوں کو اپنی بلڈنگ بیچنی پڑی
ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی جنوری ۱۹۷۰ء ص ۱۴-۱۵

۲۵۷ ـــــ خالد غزنوی
جلیل القدر راہنما
ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۰ ستمبر ۱۹۵۹ء ص ۱۴

۲۵۸ ـــــ خالد کاشمیری
میں پہلے مسلمان ہوں اور پھر اور کچھ (قائدِ اعظم)
میاں عبد العزیز بار ایٹ لا سے ملاقات
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۸

۲۵۹ ـــــ خالد لطیف
بابائے پاکستان
ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۵۰ء ص ۱۵-۱۶

۲۶۰ ـــ خالد لطیف

بیسویں صدی کی عظیم شخصیت

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۵۸ء ص ۶

۲۶۱ ـــ خالد لطیف

زیارت جہاں قائدِ اعظم کے آخری دن گذرے

ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۹ء ص ۵۰

۲۶۲ ـــ خالد مسترشد

قائدِ اعظم پر علیحدگی پسندی کا الزام تاریخی حقائق کے منافی ہے۔ ولی خاں کے بیان کہ قائدِ اعظم علیحدگی پسند تھے کا تنقیدی جائزہ

روزنامہ مشرق لاہور ۲۳ جولائی ۱۹۷۴ء ص ۳

۲۶۳ ـــ خالد محمود

اصول پرستی قائدِ اعظم کا شعار تھی

روزنامہ کوہستان لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۲۶۴ ـــ خالد محمود

بابائے قوم نے یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل کیا تھا

روزنامہ کوہستان لاہور ۹ مارچ ۱۹۶۹ء ص ۱

۲۶۵ ـــ خالد محمود

رونے والے اچھے راہنما نہیں بن سکتے۔

(قائدِ اعظم کی غیر جذباتیت کا تذکرہ)

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۵

۲۶۶ ـــ خالد محمود

قائدِ اعظم کی متانت نے قوم کے سیاسی سفینہ کو بچا لیا

روزنامہ کوہستان لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۲۶۷ ـــ خالد محمود

قائدِ اعظم نے ہندوؤں اور سکھوں میں تصادم کی پیشنگوئی کی تھی۔

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۷

۲۶۸ ـــ خالد محمود ربانی

قائدِ اعظم کو سمجھئے

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۶ دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۸

۲۶۹ ـــ خالد محمود ہاشمی علامہ

بابائے قوم کی پارلیمانی زندگی نو واردانِ سیاست کے لئے مشعل راہ ہے

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۲+۳

۲۷۰ ـــ شجاع الدین خلیفہ

اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

ہفتہ وار اقدام لاہور ۲۲ دسمبر ۱۹۵۲ء ص ۳-۴

۲۷۱ ـــ خلیق قریشی

قائدِ اعظم پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۷

۲۷۲ ـــ خلیق قریشی

ہمارا قائدِ اعظم

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۱ء ص ۹

۲۷۳ ـــ خلیل اللہ پروفیسر

قائدِ اعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کی ترجمانی کی

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۲ء ص ۲

۲۷۴ ـــ خلیل صحافی

میں اپنے اصولوں کے ساتھ کبھی سودے بازی نہیں کرتا (قائدِ اعظم سے دو ملاقاتوں کا حال)

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۲۷۵ ـــ خورشید خاور

قائدِ اعظم محمد علی جناح

روزنامہ جنگ کراچی ۱۳ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۵

۲۷۶ ـــــ خورشید خاور امروہوی

قائدِ اعظم انہوں نے وہ کام کر دکھایا جو بظاہر ناممکن تھا

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۵

۲۷۷ ـــــ خورشید علی خاں، نواب زادہ

مسٹر جناح اور سیاسیات

روزنامہ انقلاب لاہور ۴ر نومبر ۱۹۴۶ء ص ۴

۲۷۸ ـــــ ذکی الدین پال

بے لوث رہنما با اصول مدبر قائدِ اعظم کے ذاتی کردار اور قومی کردار کی چند جھلکیاں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۵

۲۷۹ ـــــ سرڈانڈا داس

شخصیت کا طلسم ہی قائدِ اعظم کی سب سے بڑی قوت تھی

روزنامہ حریت کراچی ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۳

۲۸۰ ـــــ ذوالفقار غوری

قائدِ اعظم

روزنامہ مشرق کراچی ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۳

۲۸۱ ـــــ راز داں

میں تاریخ پڑھتا ہوں قائدِ اعظم تاریخ بناتے ہیں

ہفتہ وار زندگی لاہور ۱۴ر ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۴

۲۸۲ ـــــ راز داں

میں نے قائدِ اعظم کی آنکھوں میں آنسو دیکھے

ہفتہ وار زندگی لاہور ۲۵ ۳۱ر اگست ۱۹۷۰ء ص ۱۵

۲۸۳ ـــــ رازی

قائدِ اعظم یادیں اور تقاضے

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۳

۲۸۴ ـــــ رازی

قائدِ اعظم اور ہمارا معلوماتی سرمایہ

ہفتہ وار اقدام لاہور ۱۲ر ستمبر ۱۹۵۹ء ص ۸

۲۸۵ ـــــ راغب احسن

تقدیر کی اذاں ہے محمد علی جناح

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۱ء ص ۴

۲۸۶ ـــــ راغب احسن، مولانا

کیا قائدِ اعظم ساہیوال کے راجپوت تھے

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۹ر نومبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۲۸۷ ـــــ راہی

قائدِ اعظم سے ایک ملاقات

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۰ ص ۲۸

۲۸۸ ـــــ رحمت علی، چودھری

بابائے قوم نے وقت کے دھارے کا رخ پلٹ دیا۔

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۳

۲۸۹ ـــــ رحمٰن مذنب

جب قائدِ اعظم فوت ہوئے

ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۹ء ص ۱۶-۱۸

۲۹۰ ـــــ رشید احمد جالندھری

قائدِ اعظم اور پیر علی محمد راشدی

ہفتہ وار چٹان لاہور ۵ر جون ۱۹۷۲ء ص ۵

۲۹۱ ـــــ رشید اشرف ندوی

قائدِ اعظم کی سیاسی بصیرت نے ہندو اور انگریز کو شکست فاش دی

روزنامہ مشرق لاہور ۲۳ر مارچ ۱۹۷۴ء ص ۶

۲۹۲ ـــــ رشید علی خاں، نواب زادہ

ناقابلِ فراموش یادیں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۴ ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۱

۲۹۳ ــــ رضوان احمد

بابائے ملت کی تمام کوششیں پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لئے وقف تھیں

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۲۹۴ ــــ رضوان احمد

حضرت قائدِ اعظم کو مولانا محمد علی جوہر، علامہ اقبال، لیاقت علی خاں، عبداللہ ہارون، سر سکندر حیات اور مولانا ظفر علی خاں کا خراج عقیدت

ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی ۱۸ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۰

۲۹۵ ــــ رضوان احمد

سیاسی تدبر، معاملہ فہمی، دیانتداری اور بلند کردار کا مجسمہ (قائدِ اعظم کی حیات تصویروں کے آئینہ میں)

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲+۱۳

۲۹۶ ــــ رضوان احمد

عام انتخابات سے پہلے قائدِ اعظم کے پیغامات عید پڑھ لیجئے

ہفت روزہ اخبار جہاں کراچی ۹ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۴، ۱۵

۲۹۷ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم، اقبال میرٹھی کے خط جناح کو قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کیوں لکھا پر تبصرہ۔

ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی ۶ نومبر ۱۹۶۸ء ص ۷

۲۹۸ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم اور اسلام

روزنامہ جنگ کراچی ۲۲ فروری ۱۹۷۴ء ص ۳

۲۹۹ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم ایک مطالعہ ان کے کردار نے انہیں عظیم بنایا۔

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۲

۳۰۰ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم خصوصی اختیارات کے تحت کابینہ کے ہر فیصلے کو مسترد کرنے کے مجاز تھے لیکن آپ نے ایک مرتبہ بھی ایسا نہیں کیا۔ جمہوریت نوازی کی ایک عظیم تاریخی مثال

روزنامہ حریت کراچی ۲۷ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۱۰

۳۰۱ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم سراپا عوامی تھے ان کو عوام پر مکمل اعتماد تھا

روزنامہ جنگ کراچی ۲۳ مارچ ۱۹۶۳ء ص ۳

۳۰۲ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۲

۳۰۳ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم کی ابتدائی زندگی، قائدِ اعظم کے بچپن اور نوعمری کی چند جھلکیاں

ہفتہ وار اخبار جہاں کراچی یکم جنوری ۱۹۶۹ء ص ۱۰

۳۰۴ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم کی باتیں۔ قائدِ اعظم کو اردو سے پیار تھا وہ حساب کتاب کے معاملے میں بے حد محتاط تھے

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۷ء ص ۱۲

۳۰۵ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم نے پیغامات عید میں کیا فرمایا

روزنامہ جنگ کراچی ۲ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۳۰۶ ــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم نے کہا۔ میری بہن میرے لئے امید کی کرن

بن جاتی ہے (فاطمہ جناح اور قائدِ اعظم کے تعلقات)

روزنامہ جنگ کراچی ۱۰ر جولائی ۱۹۶۸ء ص ۱۱

۳۰۷ ـــــ رضوان احمد

قائدِ اعظم نے کبھی اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۱۱

۳۰۸ ـــــ رضوی، سید

ہم نے قائدِ اعظم کے رہنما اصول فراموش کر دیئے

روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۳۰۹ ـــــ رضی حیدر، خواجہ

قائدِ اعظم کی سیاسی زندگی شعبدہ بازی سے پاک تھی

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۲ء ص ۱۱

۳۱۰ ـــــ رضیہ مفتی

تعلیماتِ قائدِ اعظم

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۳

۳۱۱ ـــــ رئیس احمد جعفری

بابائے ملت۔ جمہوریت کا نقیبِ اولین

ماہنامہ ماہِ نو کراچی دسمبر ۱۹۵۹ء ص ۶۔۸

۳۱۲ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کچھ یادیں

ہفتہ وار قندیل لاہور ۱۴ر ستمبر ۱۹۵۲ء ص ۱۲۔۱۳

۳۱۳ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کے کردار کی چند جھلکیاں

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۷ر دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۱۰

۳۱۴ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کی تقاریر

ہفتہ وار جہاں نما لاہور ۳۰ر دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۱۱۔۱۲

۳۱۵ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کی خود اعتمادی

ماہنامہ ماہِ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۳ء ص ۷۔۹

۳۱۶ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کی کہانی

ماہنامہ ماہِ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۵۳۔۵۴

۳۱۷ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کی یاد

ماہنامہ ماہِ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۷۔۹

۳۱۸ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کی یاد

روزنامہ انجام کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۵

۳۱۹ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم نے اصول کے معاملہ میں کسی سے مصالحت نہیں کی

روزنامہ انجام کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۳

۳۲۰ ـــــ رئیس احمد جعفری

قائدِ اعظم کا عہد

ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۳۷

۳۲۱ ـــــ ریاض خالد

قائدِ اعظم کی چند یادیں (فاطمہ جناح۔ عاشق حسین بٹالوی۔ آئی ایچ قریشی۔ ضمیر حسین جعفری۔ ممتاز حسن۔ زیڈ اے سلہری۔ مولوی عبدالحق اور محمود طرزی کے تاثرات)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۳ء ص ۴،۵

۳۲۲ ـــــ ریاض علی شاہ، ڈاکٹر

بابائے قوم کے آخری لمحات

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۷ء

۳۲۳ —— ریاض علی شاہ

میں خداوند قدوس کی ذات کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔ بابائے قوم کی زندگی کے آخری لمحات ۔

روزنامہ امروز لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۲

۳۲۴ —— ریحانہ رضی

قائدِ اعظم ایک مثالی راہنما

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۳۲۵ —— زاہد حسین سید

قائدِ اعظم کے آباء و اجداد (مدیر کے نام خط)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۳ر نومبر ۱۹۶۷ء ص ۵

۳۲۶ —— زبیر صدیقی

قائدِ اعظم اور قومی جدوجہد

روزنامہ جنگ کراچی ۔ ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۶ء ص ۴

۳۲۷ —— زُبیر صدیقی (مترجم)

قائدِ اعظم کا بچپن

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۶ء

۳۲۸ —— ذکریا ساجد

قائدِ اعظم اور مسولینی ہزہائی نس آغا خاں کی نظر میں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۲ر ستمبر ۱۹۵۵ء ص ۴+۶

۳۲۹ —— زیڈ اے بخاری

قائدِ اعظم کی پہلی نشری تقریر

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۷

۳۳۰ —— زیڈ اے سلہری

پاکستان کا بحران قائدِ اعظم سے ناشناسی کا نتیجہ ہے

روزنامہ ندائے ملت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۶

۳۳۱ —— زیڈ اے سلہری

ذکرِ قائدِ اعظم (حسن اصفہانی کی کتاب قائدِ اعظم میری نظر میں کا جائزہ)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۳۱ر اگست ۱۹۶۶ء ص ۳

۳۳۲ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم چند یادگار ملاقاتیں

ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۵۰ء ص ۴۶ ۔ ۵۰

۳۳۳ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کا اہم ترین کارنامہ

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۵

۳۳۴ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کو ملک بدر کرنے کی سازش

ہفت وار زندگی لاہور ۱۰ر نومبر ۱۹۶۹ء ص ۶ ۔ ۷

۳۳۵ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کی آئین پسندی

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۹

۳۳۶ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کی سوانح عمری لکھنے کا مسئلہ

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۷

۳۳۷ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کی شخصیت کے چند پہلو

ہفت وار قندیل لاہور ۲ر جنوری ۱۹۵۵ء ص ۱۸

۳۳۸ —— زیڈ اے سلہری

قائدِ اعظم کی شخصیت کے چند پہلو

روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۴

۳۳۹ —— ساجدہ جمیل، پروفیسر

قائدِ اعظم ہمارے عزیز وطن کی ارفع و اعلیٰ ہستی تھے

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۷۲ء ص ۸

۳۴۰ ـــــ ساجدہ قمر

قائدِ اعظم نے کہا۔ رائے عامہ کبھی غلط نہیں ہوتی

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۱۱

۳۴۱ ـــــ سبط فاروق فریدی

شاہ ولی اللہ سے قائدِ اعظم تک۔ ایک عظیم تحریک کا جائزہ

روزنامہ انجام کراچی ۱۲ ستمبر ۱۹۶۴ء ص ۸

۳۴۲ ـــــ سراج نظامی

قائدِ اعظم

ہفت وار قندیل لاہور ۲۶ دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۹ + ۱۸

۳۴۳ ـــــ سراج نظامی

قائدِ اعظم

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۳۹۔۴۸

۳۴۴ ـــــ سراج نظامی

قائدِ اعظم بسترِ مرگ پر

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور ستمبر ۱۹۶۵ء ص ۸ تا ۳۴ + ۵۷

۳۴۵ ـــــ سراج نظامی

قائدِ اعظم تحریر و تقریر کے آئینے میں

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور۔ دسمبر ۱۹۶۷ء ص ۱۴۔۲۴

۳۴۶ ـــــ سراج نظامی

قائدِ اعظم کی کہانی سیاست کی زبانی

ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۹۔۱۵

۳۴۷ ـــــ سردار شوکت حیات

جب قائدِ اعظم آبدیدہ ہو گئے

ہفت وار جہاں نما لاہور ۱۳ ستمبر ۱۹۶۹ء ص ۱۳۔۱۶

۳۴۸ ـــــ سردار علی صابری

جب قائدِ اعظم بادامی رنگ کا سوٹ پہن کر آئے (تحریکِ پاکستان کی کہانی)

ہفت وار اخبار جہاں کراچی ۱۸ ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۳

۳۴۹ ـــــ سردار علی صابری

مسیحائے ملت

روزنامہ انجام کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۴

۳۵۰ ـــــ سردار محمد خان عزیز

بابائے ملت چند تاثرات (حیاتِ قائدِ اعظم سے اقتباس)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۸

۳۵۱ ـــــ سَر سری پرکاش

جناح چند یادیں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۱۶

۳۵۲ ـــــ سردار محمد

قائدِ اعظم کی شخصیت قیادت کے بہترین اصولوں کا مرقع تھی

روزنامہ مشرق لاہور ۲۸ مارچ ۱۹۶۹ء ص ۳

۳۵۳ ـــــ سرفراز خواجہ

قائدِ اعظم کے کردار کی چند جھلکیاں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۵ + ۶

۳۵۴ ـــــ سرور طاہر

قائدِ اعظم محمد علی جناح۔ مخالفین کے چند اعتراضات اور ان کا جواب

روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۲ء ص ۲ + ۹

۳۵۵ ـــــ سعادت اللہ خواجہ

قائدِ اعظم نے کبھی عہدے کی خواہش نہیں کی

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۲

۳۵۶ ـــــ سعید احمد

جداگانہ مسلم قومیت کا تصور قائدِ اعظم کی نظر میں

روزنامہ جسارت کراچی ۲۹ر جنوری ۱۹۷۳ء ص ۳

۳۵۷ ــــــ سعید الحق

چند یادیں ۔ بیادِ قائدِ اعظم

ماہنامہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۶۴ء ص ۷، ۱۰

۳۵۸ ــــــ سعید الحق

میری زندگی کے پینتیس منٹ جنہیں میں کبھی نہ بھلا سکوں گا۔ (قائدِ اعظم سے ملاقات کا حال)

روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۲

۳۵۹ ــــــ سعید بدر

قائدِ اعظم قرآن مجید کو آخری اور قطعی راہبر سمجھتے تھے

روزنامہ امروز لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۳

۳۶۰ ــــــ سعیدہ ہاشمی

قائدِ اعظم کے یوم ولادت پر مادرِ ملت کے بیانات

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۲

۳۶۱ ــــــ سگاتا درگا داس

حضرت قائدِ اعظم محمد علی جناح

ہفت وار اخبار جہاں کراچی ۱۹ر ستمبر ۱۹۷۳ء ص ۸-۹

۳۶۲ ــــــ سلطان عارف

ایک اور تحریک کی ضرورت، ہر پاکستانی کے لئے قائدِ اعظم سے عقیدت ضروری ہے

روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۰ر جون ۱۹۶۹ء ص ۷

۳۶۳ ــــــ سلطان عارف علی

قائدِ اعظم چند جھلکیاں (علالت کے زمانہ میں میر مطبخ کی زبانی)

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۵

۳۶۴ ــــــ سلیم ارشد

تاریخ برصغیر کی گمشدہ کڑیاں، قائدِ اعظم کو قتل کرنے کی کانگریسی سازش

ہفتہ وار اقدام لاہور ۲۶ر جنوری ۱۹۶۴ء ص ۱۵-۱۶

۳۶۵ ــــــ سلیم ایم ایم قریشی

قائدِ اعظم نے کبھی سماجی مصلح ہونے کا دعویٰ نہیں کیا

روزنامہ جنگ کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۳۶۶ ــــــ سلیم جہانگیر

جب قائدِ اعظم نے اسلام کے مطالبہ پر غور کیا تو دنیا کے نقشے پر پاکستان کی لکیریں ابھریں

روزنامہ جنگ کراچی ۲۹ر ستمبر ۱۹۷۰ء ص ۳+۷

۳۶۷ ــــــ سلیم زماں

اب تو اس کے ہم عصروں ہی کو یہ بات یاد ہے کہ اس نے کبھی کوئی پرچم بنا کر قائدِ اعظم کو پیش کیا تھا (آرٹسٹ ایس ایم ضیا کی کہانی)

روزنامہ حریت کراچی ۱۵ر اگست ۱۹۷۳ء ص ۲

۳۶۸ ــــــ سلیم واسطی سید

قائدِ اعظم کی ایک جھلک

ہفتہ وار استقلال لاہور ۱۵ر ستمبر ۱۹۵۶ء ص ۱۰

۳۶۹ ــــــ سلیمان پاشا

قائدِ اعظم اور عمل

روزنامہ جنگ کراچی ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۲ء

۳۷۰ ــــــ سلیمان پاشا

نگاہِ مردِ مومن سے

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۶۲ء

۳۷۱ ــــــ سلیمان ندوی سید

قائدِ اعظم کی وفات پر تعزیتی نوٹ

ماہنامہ معارف اعظم گڑھ اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۲۴۲ - ۲۴۴

۳۷۲ ـــــ سلیمان ندوی، سید

مسٹر محمد علی جینا (نظم لکھنؤ پیکٹ کے موقع پر)

روزنامہ انجام کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۶۴ء ص ۷

۳۷۳ ـــــ سلیمان نملکی، السید

قائدِ اعظم پاک وعرب کی ممتاز شخصیت

ہفتہ وار اقدام لاہور ۱۷ ستمبر ۱۹۶۱ء ص ۸

۳۷۴ ـــــ سوویت روس کے ایک محقق کے تاثرات

قائدِ اعظم

روزنامہ حریت کراچی ۲۶ دسمبر ۱۹۷۳ء ص ۷

۳۷۵ ـــــ سیٹھ ولی بھائی

بابائے قوم حضرت قائدِ اعظم انارکلی میں

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۸ اگست ۱۹۶۹ء ص ۴،۸

۳۷۶ ـــــ سیف دین پوری

قائدِ اعظم کی شخصیت کے خدوخال

ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۹

۳۷۷ ـــــ شاہد

جب مخلص کارکنوں کا احترام ہوتا تھا مسلم لیگی لیڈر قائدِ اعظم سے بات کرتے گھبراتے تھے اور طلبہ سے سفارشیں کرانے تھے

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۳ اپریل ۱۹۶۷ء ص ۱۰

۳۷۸ ـــــ شباب مفتی

بابائے ملت نے نئی نسل کے ساتھ کیا توقعات وابستہ کیں (قائدِ اعظم کی باتیں)

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۳۷۹ ـــــ شباب مفتی

جب قائدِ اعظم نے راست اقدام کا اعلان کیا

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۸ ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۳

۳۸۰ ـــــ شباب مفتی

جناح نے مسلمانوں کو بیدار کر دیا ہے۔ ۱۹۴۶ء کے اجتماع میں ہندوؤں کو ڈاکٹر مکرجی کا انتباہ۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۹ دسمبر ۱۹۶۳ء ص ۱

۳۸۱ ـــــ شباب مفتی

قائدِ اعظم اپنے گردوپیش کے لوگوں سے مطمئن نہ تھے

روزنامہ مشرق لاہور ۶ جنوری ۱۹۶۵ء ص ۳

۳۸۲ ـــــ شباب مفتی

قائدِ اعظم سے ایک ملاقات

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۳

۳۸۳ ـــــ شباب مفتی

قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ہندوؤں کی سازش کو ناکام بنایا

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۲

۳۸۴ ـــــ شبیر حسین قریشی

قائدِ اعظم کی سیاسی زندگی (حالات وافکار کا سرسری جائزہ)

ماہنامہ الزبیر بہاولپور تحریکِ آزادی نمبر ۱۹۷۰ء ص ۵۸۲۔۵۹۱

۳۸۵ ـــــ شبیر حسین قریشی

قائدِ اعظم کی سیاسی زندگی (حالات وافکار کا سرسری جائزہ)

روزنامہ جنگ کراچی ۲۵ دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۲

۳۸۶ ـــــ شرف نوگانوی

بابائے ملت

ماہنامہ ہمایوں لاہور ستمبر ۱۹۴۹ء ص ۵۴۱

۳۸۷ ـــــ شریف الدین پیرزادہ سے انٹرویو (قائدِ اعظم سے ملاقاتوں کا تذکرہ)

ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور مئی ۱۹۶۸ء ص ۱۱۔۱۷

۳۸۸ — شریف المجاھد
قائدِ اعظم کی عظمت
روزنامہ حریت کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۱۱

۳۸۹ — شریف المجاہد
قائدِ اعظم کی عظمت
ماہنامہ ماہ نو کراچی دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۷۔۱۰

۳۹۰ — شریف خان پنی
قائدِ اعظم
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۲

۳۹۱ — شریف فاروق
انگریز اور ہندو کے خلاف قائدِ اعظم کی جنگ
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۷ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۳+۴

۳۹۲ — شریف فاروق
قائدِ اعظم کی یاد میں لندن میں جلسہ
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۰ر جنوری ۱۹۶۴ء ص ۳

۳۹۳ — شفیع نقی جامعی
قائدِ اعظم لندن میں
روزنامہ حریت کراچی ۲۵ر نومبر ۱۹۷۲ء ص ۸ + ۱۳

۳۹۴ — شفیق بریلوی
بانیٔ پاکستان کی زندگی کا ایک واقعہ (شادی)
ہفت وار اخبار جہاں کراچی یکم جنوری ۱۹۶۹ء ص ۹

۳۹۵ — شفیق بریلوی
قائدِ اعظم از مہد تا لحد
ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی۔ اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۶

۳۹۶ — شکیب جلالی
قائدِ اعظم بلند پایہ ارضی شخصیت
روزنامہ امروز لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۰ء ص ۶

۳۹۷ — شمس الحسن سید
میں نے قائدِ اعظم کو ترکی ٹوپی پہنائی (ذاتی معلومات پر مبنی مضمون)
روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۵

۳۹۸ — شمیم احمد
انگریز سمجھتے تھے کہ قائدِ اعظم پاکستان کو دولتِ مشترکہ سے الگ کرلیں گے
روزنامہ حریت کراچی ۱۰ر اگست ۱۹۷۰ء ص ۱۰

۳۹۹ — شمیم احمد
قائدِ اعظم کا عہدِ طفلی
ماہنامہ خاتون پاکستان کراچی اکتوبر ۱۹۴۸ء ص ۱۰-۱۸

۴۰۰ — شمیم احمد
قائدِ اعظم کے بچپن کے حالات
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۹ر ستمبر ۱۹۴۸ء ص ۳+۶

۴۰۱ — شمیم اختر
قائدِ اعظم نے ہم کو مستقبل میں آنے والے خطرات سے آگاہ کردیا تھا
روزنامہ حریت کراچی ۲۶ر دسمبر ۱۹۷۱ء ص ۳

۴۰۲ — شورش کاشمیری
محمد علی جناح (ہیکٹر بولیتھو کی کتاب پر ایک نظر)
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۵ء ص ۴

۴۰۳ — شہاب الدین خواجہ
دو ملاقاتوں کی یاد
ماہنامہ ماہ نو کراچی نومبر ۱۹۴۸ء ص ۱۲

۴۰۴ — شہباز خان کرنل
وہ جس کی یاد دلوں سے بھلائی نہ جائے گی
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۵۸ء ص ۳

۴۰۵ —— شہنشاہی بیگم رضوی
بابائے قوم
روزنامہ انجام کراچی ۱۲ر ستمبر ۱۹۶۳ء ص ۲

۴۰۶ —— شیر احمد خاں خاموش
قائدِ اعظم عوام کے تھے
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۳ر جنوری ۱۹۶۶ء ص ۴

۴۰۷ —— شیر محمد اختر
تماشائی دیکھتا چلا گیا (یوم قائدِ اعظم کی تقریبات کا حال)
ہفت وار قندیل لاہور ۲۰ر ستمبر ۱۹۵۳ء ص ۵

۴۰۸ —— شیر محمد اختر
قائدِ اعظم کی مثالی زندگی
ہفت روزہ قندیل لاہور ۱۸ر ستمبر ۱۹۶۰ء ص ۱۴

۴۰۹ —— شیر محمد اختر
محبوب راہنما کی آواز
ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۸ء

۴۱۰ —— شیر محمد اختر
ہمارے قائدِ اعظم
ہفت روزہ قندیل لاہور ۲۱ر ستمبر ۱۹۵۸ء ص ۱۹-۲۰

۴۱۱ —— شیر محمد اختر
یادوں کے چراغ
ہفتہ وار قندیل لاہور ۲۹ر دسمبر ۱۹۵۷ء ص ۶

۴۱۲ —— شیر محمد گریوال
قائدِ اعظم کی پارلیمانی زندگی کی چند جھلکیاں
روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۱ر ستمبر ۱۹۶۸ء ص ۶

۴۱۳ —— صابر حسین شکیب
قائدِ اعظم ایک عہد آفریں اور عہد ساز سیاستداں تھے
روزنامہ ندائے ملت لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۷۰ء ص ۸

۴۱۴ —— صادق الخیری
قائدِ اعظم کے آٹوگراف حاصل کرنا میری سب سے بڑی خواہش تھی (قائدِ اعظم کے آٹوگراف حاصل کرنے کی روئیداد)
روزنامہ حریت کراچی ۵ر مارچ ۱۹۷۳ء ص ۴

۴۱۵ —— صادق قریشی
قائدِ اعظم قاہرہ میں
روزنامہ مشرق کراچی ۱۱ر ستمبر ۱۹۷۱ء ص ۲

۴۱۶ —— صالح محمد صدیق
قائدِ اعظم بیماری کی حالت میں گورنر جنرل ہاؤس جانا پسند نہیں کرتے تھے (صالح محمد صدیق کا ڈاکٹر ریاض علی شاہ سے انٹرویو)
روزنامہ مشرق لاہور ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۶ء ص ۴

۴۱۷ —— صدیق طاہر
قائدِ اعظم اور بہاولپور
الہام بہاولپور ۸ر فروری ۱۹۷۳ء ص ۵

۴۱۸ —— صدیق علی خاں
